ملٹری لینڈز اینڈ کنٹونمنٹس ڈیپارٹمنٹ

کنٹونمنٹ بورڈ سیالکوٹ

شاندار نیلام عام

(گروپ لیٹرین جنرل بس سٹینڈ سیالکوٹ کینٹ)

بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ سیالکوٹ ٹھیکہ حقوق وصولی گروپ لیٹرین چارجز جنرل بس اسٹینڈ سیالکوٹ کینٹ برائے سال 2026-2027ء (یکم جولائی 2026ء تا 30 جون 2027ء) مورخہ 08 جون 2026 بوقت 12 بجے دفتر کنٹونمنٹ بورڈ درج ذیل شرائط پر نیلام کر رہا ہے۔

شرائط:۔

1۔ بولی شروع ہونے سے قبل گروپ لیٹرین جنرل بس سٹینڈ کے خواہش مند بولی دہندہ کو مزکورہ ہر بولی کے لیے بیعانہ مبلغ -/500,000 روپے بشکل بینک کال ڈیپازٹ بنام کنٹونمنٹ بورڈ ایگزیکٹو آفیسر سیالکوٹ ہمراہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی بولی سے قبل جمع کروانا ہوگا جو ماسوائے پہلے اور دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندگان کو واپس کر دیا جائے گا۔ نقد رقم قابل قبول نہ ہوگی۔

2۔ شرائط پڑھ کر سمجھ کر مکمل آگاہی دریافت کر کے ہر غلط فہمی بولی سے قبل دور کر کے مکمل ذمہ داری سے دیں بوقت بولی کوئی عذر اعتراض قابل سماعت لائقِ منظور نہ ہوگا۔

3۔ کامیاب بولی دہندہ کو اپنی بولی کا 1/10 حصہ بطور ضمانت بولی کے اختتام پر دفتر ہذا میں جمع کروانا ہوگا۔ 1/10 حصہ جمع نہ کروانے کی صورت میں زر بیعانہ بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لیا جائے گا اور دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کو ٹھیکہ لینے کا حق حاصل ہوگا۔ اگر دوسرے نمبر پر آنے والا کامیاب بولی دہندہ 1/10 حصہ جمع کروانے میں ناکام رہا تو اس کا زر بیعانہ بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لیا جائے گا۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ 2 ماہانہ اقساط کے برابر رقم بطور سکیورٹی ٹھیکے کی مدت شروع ہونے سے قبل جمع کروائے گا جو کہ ٹھیکہ کی مدت کی کامیاب تکمیل پر قابل واپسی ہوگی۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کی رقم ماہانہ اقساط کی صورت میں ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ جو کہ ہر ماہ کی 5 تاریخ تک دفتر ہذا میں لازمی جمع کروانا ہوگا۔

6۔ بولی دہندہ افراد جو کہ ادارہ ہذا کے نادہندہ ہیں بولی میں حصہ لینے کے مجاز نہ ہونگے۔

7۔ کامیاب بولی دہندہ کو اپنی بولی کا مجوزہ انکم ٹیکس حکومت پاکستان / ایف بی ار / حکومت پنجاب کے قوانین کے تحت جمع کروانا ہوگا۔

8۔ کامیاب بولی دہندہ مجاز اتھارٹی سے منظوری ہونے کے بعد 15 یوم کے اندر مقررہ نیلام پر تحریری معاہدہ اپنے خرچہ پر کرنے کا پابند ہوگا۔

9۔ لیٹرین کی صفائی ستھرائی / پانی کی ذمہ داری ٹھیکیدار کی ہوگی۔ لیٹرین کے سیوریج کا نظام ٹھیک رکھوانا اور Lock وغیرہ کو ٹھیک حالت میں رکھوانا بھی ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہوگی

10۔ کسی بھی قسم کے تنازع کی صورت میں ڈائریکٹر ملٹری لینڈز اینڈ کنٹونمنٹس لاہور ریجن ثالث ہونگے اور اس کا فیصلہ دونوں پارٹیوں پر من وعن لاگو ہوگا۔

11۔ دیگر معلومات ٹھیکہ کنٹونمنٹ بورڈ آفس میں دفتری اوقات کار کے دوران حاصل کی جا سکتی ہیں۔ یا R.S کنٹونمنٹ بورڈ سے ٹیلی فون نمبر 4267905 پر دفتری اوقات کار میں رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

12۔ مجاز اتھارٹی بغیر وجہ بتائے کسی بھی بولی کو PPRA RULES کے تحت مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے اور کامیاب بولی تابع منظوری بورڈ ہوگی۔

13۔ نیلامی بمطابق قواعد ضوابط پیپرا رولز 2004ء عمل میں لائی جائے گی۔

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

سیالکوٹ کینٹ